روزنامہ
صحافت

## عدلیہ خاموش تماشائی نہیں بن سکتی

سپریم کورٹ نے ایک اہم آئینی فیصلہ سنایا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ گورنرز اور صدر کے لیے ریاستی مقننہ کے منظور کردہ بلوں کی منظوری کے لیے کوئی وقت کی حد مقرر نہیں کی جاسکتی ہے۔ تاہم، گورنرز کسی بل کو غیر معینہ مدت تک روک نہیں سکتے۔ اپنے بہت انتظار کے فیصلے میں، سپریم کورٹ نے کہا کہ طویل اور غیر وضاحتی تاخیر کے معاملات میں، عدالت ایک محدود رٹ آف مینڈیمس جاری کرسکتی ہے، بل کی خوبیوں کی جانچ کیے بغیر ایک مخصوص مدت کے اندر فیصلہ کرنے کی ہدایت کرسکتی ہے۔ غور طلب ہے کہ 8 اپریل کو تمل ناڈو اسمبلی سے منظور شدہ بلوں پر اپنا فیصلہ سناتے ہوئے سپریم کورٹ نے پہلی بار یہ حکم دیا تھا کہ گورنر کی طرف سے صدر کو بھیجے گئے بل پر تین ماہ کے اندر فیصلہ کیا جانا چاہیے۔ اس فیصلے کو تاریخی قرار دیا گیا کیونکہ اس سے قبل اس طرح کی کوئی حد مقرر نہیں کی گئی تھی۔ اس کے بعد صدر دروپدی مرمو نے مئی میں آئین کے آرٹیکل 143(1) کے تحت سپریم کورٹ سے رائے طلب کی، یہ پوچھا کہ کیا عدالت یہ طے کرسکتی ہے کہ صدر یا گورنر کو بلوں پر کب فیصلہ کرنا چاہیے۔ پانچ صفحات پر مشتمل اپنے ریفرنس میں صدر نے چودہ سوالات پر سپریم کورٹ سے رائے مانگی۔ یہ سوالات بنیادی طور پر آرٹیکل 200 اور 201 سے متعلق ہیں، جو گورنر اور صدر کے اختیارات سے متعلق ہیں۔ پانچ رکنی آئینی بنچ بشمول چیف جسٹس بی آر۔ گوئی نے کیس میں دس دن تک دلائل سنے اور 11 ستمبر کو اپنا فیصلہ محفوظ کرلیا۔ آئین کے آرٹیکل 143 کے تحت صدر کے ریفرنس کا جواب دیتے ہوئے، آئینی بنچ نے کہا کہ عدالت کی طرف سے مقرر کردہ وقت کی حد آئین میں دی گئی لچک کی خلاف ورزی کرے گی۔ چیف جسٹس بی آر گوائی نے کہا کہ آرٹیکل 200 کے تحت، گورنرز کے پاس تین اختیارات ہیں: بلوں کی منظوری، انہیں صدر کے پاس بھیجنا، یا منظوری روکنا اور انہیں اپنے تبصروں کے ساتھ اسمبلی میں واپس کرنا۔ آئینی بنچ نے کہا کہ چونکہ آئین گورنر کے اختیارات کے استعمال کی کوئی مدت یا طریقہ متعین نہیں کرتا، اس لیے اس عدالت کے لیے آرٹیکل 200 کے تحت ان اختیارات کے استعمال کے لیے وقت کی حد مقرر کرنا مناسب نہیں۔ لہٰذا عدالت ایسے فیصلے کے میرٹ کا جائزہ نہیں لے سکتی۔ تاہم، اگر گورنر کی غیر فعالی طویل، غیر وضاحتی، یا غیر معینہ مدت تک ہو، ایسے غیر معمولی حالات میں، عدالت میرٹ پر تبصرہ کیے بغیر، آئین کے تحت ایک مناسب وقت کے اندر گورنر کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے ایک محدود حکم جاری کرسکتی ہے۔ آرٹیکل 361 کا حوالہ دیتے ہوئے، آئینی بنچ نے کہا کہ اس شق کو گورنر کی طرف سے طویل عرصے تک غیر فعالیت کے معاملات میں عدالت کو عدالتی نظر ثانی کے محدود دائرہ کار سے انکار کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا، جس سے گورنر کو ذاتی طور پر عدالتی کارروائی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ درحقیقت اگر گورنر اپنی آئینی ذمہ داریوں کو صحیح طریقے سے ادا کرتے ہیں تو ایسا کوئی مسئلہ پیدا نہیں ہوتا۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے کہ بہت سے گورنر، خاص طور پر حزب اختلاف کی حکومت والی ریاستوں میں، نہ صرف ریاستی حکومت کے کام کاج میں غیر ضروری مداخلت کرتے ہیں بلکہ قانون ساز اسمبلی میں منظور ہونے والے بلوں کو غیر معینہ مدت تک موخر کرنے کے لیے اپنی طاقت کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ آئینی بنچ نے اپنے فیصلے میں واضح کیا ہے کہ ایسی صورتحال میں عدلیہ خاموش تماشائی نہیں بن سکتی۔

## آئین کی برتری پر سپریم کورٹ کا اہم فیصلہ



سراج نقوی

ہر چند کہ حکمرانوں کی سب کو ایک ڈنڈے سے ہانکنے کی پالیسی نے عدلیہ کے سامنے بھی زبردست چیلنج کھڑے کر دیے ہیں، اور مختلف عدالتوں کے بے شمار فیصلوں میں اس کا اثر بھی صاف طور پر محسوس کیا جاسکتا ہے، لیکن اس کے باوجود نچلی سطح کی عدالتوں سے لیکر مختلف ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ نے ایسے بہت سے فیصلے بھی سنائے ہیں کہ جو جمہوری حکمرانوں کی آمرانہ پالیسیوں پر قدغن لگاتے ہیں، اور انھیں یاد دلاتے ہیں کہ وہ یا ان کی اکثریت کے سہارے قانون بنانے والی مقننہ بھی آئین سے اوپر نہیں ہے، اور ہر قانون کی اصل کسوٹی ہمارا آئین ہی ہے۔

گزشتہ بدھ کے روز سپریم کورٹ نے ایک ایسا ہی فیصلہ سنایا جس میں حکومت کو واضح طور پر یہ پیغام دیا گیا کہ مقننہ آئین سے اوپر نہیں ہے۔ معاملہ ٹریبونل اصلاح ایکٹ سے متعلق تھا۔ دراصل مدراس بار ایسوسی ایشن نے 2021 کے 'ٹریبونل ریفارمز ایکٹ' کو اس بنیاد پر سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا کہ اس ایکٹ میں ان التزامات کو پھر سے شامل کیا گیا ہے کہ جنھیں عدالت پہلے ہی خارج کرچکی ہے۔ اس ایکٹ کے تحت آنے والے جن التزامات کو چیلنج کیا گیا ان میں ٹریبونل کے ممبران اور چیئر پرسن کی عمر کم از کم 50 برس ہونا، ممبران اور چیئر پرسن کی مدت کار چار سال تک محدود کرنا، ٹریبونلوں کے لیے تلاش اور سلیکشن کمیٹیوں کے ذریعہ ہر ایک خالی جگہ کے لیے سرکار کو صرف ایک کے بجائے دو ناموں، اور ممبران کی سفارش کرنا اور ممبران و چیئر پرسن کے بھتوں و دیگر فائدوں کو یکساں تنخواہ والے سول ملازمین کے مساوی لانا شامل ہے۔ بہرحال سپریم کورٹ نے ان تبدیلیوں یا التزامات کو ایک مرتبہ پھر خارج کر دیا۔ مدراس بار ایسوسی ایشن نے اپنی عرضی میں حکومت پر یہ الزام بھی لگایا تھا کہ زیر بحث ایکٹ دراصل مستند عدالتی احکامات کو پلٹنے کے مترادف ہے، اور اسے برقرار نہیں رکھا جانا چاہیے۔

معاملہ یہ ہے کہ مودی حکومت عدلیہ کے فیصلوں کا احترام کرنے کا خواہ کتنا ہی دعویٰ کرے لیکن جو فیصلے اس کی آمرانہ پالیسیوں کے خلاف نہیں جاتے صرف ان پر ہی تالیاں بجاتی ہے، جبکہ حکومت کی منمانی کو متاثر کرنے والے فیصلوں پر نہ صرف عدلیہ کو غیر ذمہ دارانہ انداز میں نشانہ بنایا جاتا ہے بلکہ انھیں یا تو پلٹنے والے قانون پارلیمنٹ سے پاس کرائے جاتے ہیں یا پھر کچھ فیصلوں کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ ان پر عمل آوری کو پس پشت ڈال کر بالواسطہ طور پر عدلیہ کو کمزور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ الیکشن کمیشن میں ممبران کی تقرری کے لیے جب سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا تھا کہ تقرری والے پینل میں وزیر اعظم اور اپوزیشن لیڈر کے علاوہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس بھی شامل ہونگے تو مودی حکومت نے اس کے خلاف قانون بنا کر سپریم کورٹ کے فیصلے کو بے اثر کر دیا تھا، اور اب اس قانون کی رو سے الیکشن کمیشن کے ممبران کی تقرری کرنے والے پینل میں اپوزیشن لیڈر کے علاوہ وزیر اعظم اور وزیر داخلہ شامل ہیں۔ یعنی کمیشن کی معتبریت کو اکثریتی فیصلے کی بناء پر ختم کرنے کا راستہ اس کے باوجود تلاش کیا گیا کہ عدالت اس کے خلاف تھی۔ آج الیکشن کمیشن کا کیا حال ہے یہ بتانے کی ضرورت نہیں۔ بہرحال یہاں موضوع بحث الیکشن کمیشن کے ممبران کا انتخاب نہیں بلکہ ٹریبونل اصلاح ایکٹ سے متعلق ہے اس ایکٹ کے کچھ التزامات کو عدالت اس سے پہلے والے ایکٹ میں رد کر چکی ہے، لیکن اس کے باوجود حکومت نے عدلیہ کے فیصلے کو نظر انداز کرتے ہوئے قابل اعتراض التزامات کو دوبارہ کسی قدر شکل بدل کر یا الفاظ بدل کر دوبارہ نئے ایکٹ میں شامل کرلیا جسے مدراس بار ایسوسی ایشن نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا۔ عدالت نے پایا کہ حکومت نے ان التزامات کو دوبارہ قانون کی شکل دے دی ہے جسے عدالت مسترد کرچکی تھی اور ان التزامات کو آئین کے بنیادی اصولوں کے خلاف پایا گیا تھا۔

زیر بحث معاملے میں عدالت نے صاف طور پر حکومت اور مقننہ کو ان کی حدود یاد دلائیں اور کہا کہ، ''ٹریبونل ریفارمز ایکٹ'' سے عدلیہ کی آزادی کے آئینی اصولوں کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے ایکٹ کی کئی دفعات کو غیر آئینی قرار دیا اور واضح کیا کہ 'ہمارا آئین اپنی بالادستی کے اصول کو لازم قرار دیتا ہے، اور یہ اصول نہ صرف عدلیہ کی رہنمائی کرتے ہیں بلکہ مقننہ اور انتظامیہ کے لیے بھی مشعل راہ ہیں۔ عدلیہ کا کام ان اصولوں کی تشریح، حفاظت اور ان کا فروغ ہے۔' اب اسے کیا کہیے کہ موجودہ حکومت نے یہ مان لیا ہے کہ اگر کسی نہ کسی طرح اسے پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ مقننہ کے سہارے ایسے قوانین بھی وضع کرسکتی ہے جو ہمارے آئین کی روح سے ہی متصادم ہیں۔ حکمراں جماعت سے تعلق رکھنے والے ایسے بہت سے لیڈر ہیں کہ جن کا یہ موقف ہے کہ پارلیمنٹ عدلیہ سے اوپر ہے۔ کچھ معاملوں میں یہ بات درست بھی ہے، لیکن جب معاملہ آئین کی حفاظت اور اس کی تشریح اور اس کی روح کی بقا کا ہو تو یہ اختیار پارلیمنٹ کے پاس نہیں کہ وہ مذکورہ ذمہ داریاں بھی اپنے پاس رکھ لے۔ بے شک پارلیمنٹ یا مقننہ کا کام قانون سازی ہے، اور یہ کام عدلیہ نہیں کر سکتی، لیکن اگر کوئی قانون آئین کی روح کی نفی کرتا ہو تو عدلیہ اسے اس بنا پر رد کرسکتی ہے کہ آئین کے تحفظ کی ذمہ داری مقننہ کی نہیں بلکہ عدلیہ کی ہے۔ 'ٹریبونل ایکٹ' کے معاملے میں سنایا گیا فیصلہ عدلیہ کی اسی ذمہ داری کے تحت آتا ہے۔

اپنے فیصلے میں سپریم کورٹ نے یہ بھی کہا کہ اپنے اپنے دائرہ کار میں رہتے ہوئے ہر ادارے پر یہ آئینی فریضہ عائد ہوتا ہے کہ وہ آئین کی بالادستی کا احترام اور التزام کرے۔ عدالت نے بہت واضح الفاظ میں یہ بھی کہا کہ 'ہمارا آئینی ڈھانچہ پارلیمانی خود مختاری کو تسلیم نہیں کرتا۔' عدالت کے اس جملے کی اہمیت کو موجودہ حکومت کے منمانے فیصلوں کے تناظر میں دیکھیں تو اس کی اہمیت کا احساس ہوگا۔

دراصل جمہوریت کے راستے سے اقتدار میں آنے والے موجودہ حکمرانوں کو یہ غلط فہمی ہے کہ اکثریت کے حصول کا مطلب منمانے ڈھنگ سے فیصلے لینا ہے۔ خواہ یہ فیصلے آئین سے، عوامی مفادات سے یا ہمارے جمہوری ڈھانچے سے کتنے ہی متصادم کیوں نہ ہوں۔ شائد حکومت یہ مانتی ہے کہ اگر مقننہ پر اس کا قبضہ ہے تو وہ آئین کو پس پشت ڈال کر بھی قانون سازی کی مجاز ہے اور کوئی عدالت اس کے اس کام میں مداخلت کی مجاز نہیں ہے۔ زیر بحث معاملہ اس کی واضح مثال ہے کہ جس میں سپریم کورٹ نے ایکٹ کے کچھ التزامات کو رد کر دیا تھا، لیکن حکومت نے مقننہ کے ذریعے ان التزامات کو کسی قدر تبدیلی کے ساتھ دوبارہ شامل کر کے یہ مان لیا کہ اب عدالت بھی اس قانون کو نہیں بدل سکتی۔ زیر بحث معاملے کی سماعت کے دوران اٹارنی جنرل نے کہا بھی کہ ''اس طرح مقننہ کے پالیسی طے کرنے والے شعبے میں دخل دینے والی عدالتی ہدایات پر عمل درآمد نہ کرنے سے توہین عدالت کا معاملہ نہیں بنتا۔'' اٹارنی جنرل کا یہ بیان یا دلیل دراصل حکومت کی اسی ذہنیت کی عکاسی کرتی ہے کہ ہر طرح کی پالیسی طے کرنے سے متعلق قانون بنانے کے مقننہ کے اختیار کو اگر عدالت رد کرتی ہے اور حکومت اسے تسلیم نہیں کرتی تو اسے توہین عدالت کے زمرے میں نہیں رکھا جاسکتا۔ یہ موقف ہی دراصل حکومت کی منمانی کو جائز ٹھہرانے کی کوشش ہے۔ جبکہ سچ یہ ہے کہ عدلیہ ہو یا مقننہ، پارلیمنٹ ہو یا پھر مکمل اکثریت کے سہارے منتخب کوئی جمہوری حکومت ان میں سے کسی کو بھی آئین کی کی روح سے انحراف کرتے ہوئے تمام تر اختیارات اپنے ہاتھ میں لینے کی اجازت قطعی نہیں ہے۔

حکومت، پارلیمنٹ۔ مقننہ اور عدلیہ تینوں کا وجود آئین کے ضابطوں کے تحت ہی ہے۔ اسی لیے جب عدالت نے یہ کہا کہ ہمارا آئینی ڈھانچہ پارلیمانی خود مختاری کو تسلیم نہیں کرتا تو یہ بھی کہا کہ یہ کسی کو بھی غیر مشروط اختیار نہیں دیتا۔ اسی بنا پر عدالت نے حکومت کو یہ ہدایت بھی دی کہ وہ چار ماہ کے اندر ''نیشنل ٹریبونل کمیشن''، تشکیل دے، جو ٹریبونل کی تقرریوں، انتظامی معاملات اور کام کے معیار پر آزادانہ نگرانی کرے۔ عدالت کا موقف تھا کہ یہ فیصلہ ٹریبونل کے قیام کو زیادہ آزاد اور خود مختار بنائے گا۔ اس تفصیل کے تناظر میں دیکھیں تو احساس ہوگا کہ عدالت کا فیصلہ صرف مذکورہ ایکٹ کو رد ہی نہیں کرتا بلکہ حکومت کی منمانی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس پر قدغن بھی لگاتا ہے۔

زیر بحث معاملے میں عدالت نے صاف طور پر حکومت اور مقننہ کو ان کی حدود یاد دلائیں اور کہا کہ، ''ٹریبونل ریفارمز ایکٹ'' سے عدلیہ کی آزادی کے آئینی اصولوں کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ عدالت عظمیٰ نے ایکٹ کی کئی دفعات کو غیر آئینی قرار دیا اور واضح کیا کہ 'ہمارا آئین اپنی بالادستی کے اصول کو لازم قرار دیتا ہے، اور یہ اصول نہ صرف عدلیہ کی رہنمائی کرتے ہیں بلکہ مقننہ اور انتظامیہ کے لیے بھی مشعل راہ ہیں۔ عدلیہ کا کام ان اصولوں کی تشریح، حفاظت اور ان کا فروغ ہے۔' اب اسے کیا کہیے کہ موجودہ حکومت نے یہ مان لیا ہے کہ اگر کسی نہ کسی طرح اسے پارلیمنٹ میں اکثریت حاصل ہو جاتی ہے تو وہ مقننہ کے سہارے ایسے قوانین بھی وضع کرسکتی ہے جو ہمارے آئین کی روح سے ہی متصادم ہیں۔ حکمراں جماعت سے تعلق رکھنے والے ایسے بہت سے لیڈر ہیں کہ جن کا یہ موقف ہے کہ پارلیمنٹ عدلیہ سے اوپر ہے۔ کچھ معاملوں میں یہ بات درست بھی ہے، لیکن جب معاملہ آئین کی حفاظت اور اس کی تشریح اور اس کی روح کی بقا کا ہو تو یہ اختیار پارلیمنٹ کے پاس نہیں کہ وہ مذکورہ ذمہ داریاں بھی اپنے پاس رکھ لے۔

## بہار انتخاب: فتح کے اسباب اور سیاسی منظر نامہ



پروفیسر عتیق احمد فاروقی

بہار ودھان سبھا انتخاب کا حالیہ نتیجہ غیر متوقع ہے۔ شاید ہی کسی نے اندازہ لگایا ہوگا کہ بی جے پی اور جنتا دل (یو) اتنی بڑی جیت حاصل کرے گا۔ ریاست میں این ڈی اے کو دو تہائی سے زیادہ نشستیں، (80 فیصد سے زیادہ) ملی ہیں جبکہ عظیم اتحاد کو زبردست ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ اس اتحاد میں راشٹریہ جنتا دل نے ہی نہیں، کانگریس، وی آئی پی اور بائیں بازو سے متعلق تمام پارٹیوں نے مایوس کیا ہے۔ اب سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس عوامی حکم نامے کا سبب کیا ہے؟ سب سے بڑا سبب تو یہ ہے کہ رائے دہندگان نے کہیں نہ کہیں جنتا دل (یو) اور بی جے پی کی سالوں کی حکمرانی کا جائزہ لیا اور اسے عظیم اتحاد کے مقابلے زیادہ بھروسے مند مانا۔ دوم، خواتین اس انتخاب میں نتیش کمار کے لیے ایک بڑا ووٹ بینک ثابت ہوئی ہیں۔ ان کے ووٹوں کی تعداد اور ووٹ فیصد دونوں مرد رائے دہندگان کے مقابلے زیادہ رہے۔ تقریباً 63 فیصد مردوں کے مقابلے 71 فیصد سے زیادہ خواتین نے اپنے ووٹ کے اختیار کا استعمال کیا۔ ممکن ہے کہ انتخاب سے قبل خواتین کے کھاتے میں 10 ہزار روپے منتقل کرنے کا یہ نتیجہ ہو۔ بے شک اس بات کو دعوے کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا، مگر یہ سچ ہے کہ ان پیسوں کا اثر خواتین کی معیشت پر پڑا ہے اور چھوٹا موٹا کاروبار شروع کرنے میں انہوں نے بخوبی استعمال کیا ہے۔

اس کے برعکس عظیم اتحاد اسی امید پر بیٹھا رہا کہ خواتین کی طرح نوجوان بھی ایک طبقہ ہو سکتا ہے اور تیجسوی یادو کی نوجوان رائے دہندگان میں مقبولیت سے اسے فائدہ ملے گا۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ نوجوانوں میں بیروزگاری کو لے کر مایوسی ہے۔ تیجسوی نے ہر خاندان کو ایک پکی نوکری دینے کا وعدہ کیا تھا۔ اسی وعدے پر تیزی سے حکومت کی امید جتائی جا رہی تھی، مگر عظیم اتحاد غالباً بھول گیا کہ نتیش سیاست کے ایک منجھے ہوئے کھلاڑی ہیں۔ انہوں نے اپنے سیاسی داؤں سے بھتیجے کو مات دے دی۔ نتیش کمار کا جنون خواتین میں شروع سے رہا ہے۔ وہ اپنی اچھی حکمرانی کے ماڈل میں خواتین کو فائدہ پہنچانے والے منصوبوں کو شامل کرتے رہے ہیں۔ 2025–26 کے انتخاب میں جیت حاصل کرنے کے بعد بچوں کی اسکول تعلیم پر دھیان دینا ہوگا، یا 2010 چناؤ سے قبل اسکول طالبات کے لیے سائیکل بانٹنے کی پہل، یا پھر رسوئیاں دیدی کی بحالی، کنٹریکٹ پر تقرر اساتذہ میں خواتین کی شراکت داری، پنچایت میں ریزرویشن یا پولیس کانسٹیبل جیسی بھرتیوں میں ایک تہائی نشستوں پر ریزرویشن۔ ذات پر مبنی سیاست سے الگ خواتین کو سیاست کے مرکز میں لانے کی پالیسی پر عمل درآمد نتیش کی خاص خدمات کہی جائے گی۔ یہی سبب ہے کہ پھر سے وہ بھروسے کی اس منزل پر پہنچے۔ 10 ہزار نقد امداد نے کیٹالسٹ کا کام کیا۔

اگر چہ چناؤ کے درمیان کئی بار ایسا لگا کہ حکمران اتحاد میں سب کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ بی جے پی اور جنتا دل یونائٹڈ الگ الگ مقابلہ کرتے دکھ رہے تھے اور بی جے پی کے قدآور لیڈران کی شاید ہی کوئی مشترک ریلی ہوئی ہو۔ باوجود اس کے جیت حاصل ہونا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پردے کے پیچھے این ڈی اے اتحاد متحد تھا۔ اس نے ٹکٹوں کی مناسب تقسیم کی اور اس اتحاد کے تمام ساتھیوں نے اپنی اشتراکیت بھی نبھائی۔ پھر چاہے چراغ پاسوان ہوں، جتن رام مانجھی ہوں یا پھر اوپیندر کشواہا۔ ظاہر ہے یہ بہار میں ایک نئی سیاسی شراکت داری کا نزول ہے۔

یہ واضح کر رہا ہے کہ سماجوادی سیاست کی پوری دھرو ہر جنتا دل (یو) کو حاصل ہو چکی ہے اور ریاست بی جے پی کی دستگیری کے لائق بن چکی ہے۔ مطلب صاف ہے کہ آنے والے پانچ برس بھی اس اتحاد کے لیے بغیر کسی رکاوٹ کے گزر جائیں گے۔ راہل گاندھی اور تیجسوی یادو کا عظیم اتحاد عوام میں ایسا اعتماد پیدا کرنے میں ناکام رہا۔ انتخاب سے قبل کانگریس نے ووٹر جگاؤ یاترا ضرور نکالی، جس کی باگ ڈور راہل گاندھی کے ہاتھوں میں تھی، مگر چناؤ کی پوری مدت میں راہل کہیں نہیں دکھے۔ آخری وقت میں انہوں نے کچھ ریلیاں ضرور کیں اور تالاب میں مچھلی پکڑتے بھی نظر آئے، لیکن علامتی کاموں سے بہار کے عوام مرعوب ہونے والے نہیں ہیں۔ یہ صاف نہیں ہوسکا کہ رائے دہندگان کے درمیان اتنی بڑی یاترا نکالنے کے بعد وہ کہاں غائب ہو گئے تھے۔ خواتین ووٹروں کو لبھانے میں راشٹریہ جنتا دل کی طرح کانگریس بھی ناکام رہی۔ پرینکا گاندھی اس کے لیے ایک چہرہ ضرور تھیں، لیکن وہ خواتین کے بیچ ڈور ٹو ڈور مہم چلاتے نظر نہیں آئیں۔ ریاستی انچارج کرشنا الاورو کے لمبے عرصے تک اس ریاست میں رہائش کرنے کا فائدہ بھی کانگریس کو نہیں ملا۔

ان سب میں بائیں بازو پارٹیوں کی شکست سب سے زیادہ غیر متوقع ہے۔ سال 2020 کے ودھان سبھا چناؤ میں بائیں بازو پارٹیوں کو 16 نشستوں پر جیت حاصل ہوئی تھی اور قریب پانچ فیصد ووٹ اسے حاصل ہوئے تھے۔ لوک سبھا چناؤ کے موقع پر بھی جب بی جے پی کی لہر تھی، تب بھی بائیں بازو نے کاراکاٹ اور آرا میں جیت درج کی تھی۔ مگر اس بار اسے بری ہار ملی۔ اس کا ایک بڑا سبب یہی ہے کہ بی جے پی نے ذات پر مبنی لڑائی میں پسماندہ ذاتوں کو ٹکٹ دے کر کمیونسٹوں کی طبقاتی سیاست کی ہوا نکال دی۔


اتنا ہی نہیں، ان کے زیادہ تر رائے دہندگان غریب غرباء خاندان کے ہیں، جن کی خواتین کو 10 ہزار روپے ایک ساتھ ملنا کسی خواب کے سچ ہونے جیسا تھا۔ ان سب چیزوں کے علاوہ اتنے عرصے تک اقتدار میں رہنے کے باوجود نتیش کی صاف ستھری تصویر قائم ہے۔ ان پر ذاتی بدعنوانی کا کوئی الزام نہیں ہے۔ ''کاجل کی کوٹھری میں اجلا بنے رہنا آسان نہیں۔'' ان پر ایک الزام دل بدلو ہونے کا، پلٹو ہونے کا لگایا جاتا ہے۔ کچھ لوگ انہیں پلٹو رام بھی کہتے ہیں۔ لیکن دراصل وہ بہت منجھے ہوئے سیاستدان ہیں۔ اگر ان کے یہ الزامات صحیح ہوتے تو وہ 2014 کے عام انتخابات میں اپنی پارٹی کے خراب مظاہرے کی ذمہ داری لیتے ہوئے استعفیٰ نہ دیتے۔ انہوں نے اس وقت جتن رام مانجھی کو موقع دیا۔ یہ ایک الگ بات ہے کہ یہ بھروسہ لمبے وقت تک قائم نہ رہ سکا۔ اس فتح کا سہرا یقیناً نتیش کمار کو جائے گا۔ اگر چہ بی جے پی نے کچھ زیادہ نشستیں ضرور حاصل کیں، لیکن وہ نتیش کمار کے طفیل میں ہیں۔

بہار کے اس نتیجے نے یہ بھی واضح پیغام دے دیا کہ سیاست اب صرف نعروں، وعدوں، ہجوم، جذبات یا مخالفین پر تنقید سے نہیں جیتی جاتی بلکہ عوامی زندگی میں ٹھوس تبدیلی، سماجی ڈھانچے میں حقیقی شمولیت اور حکومت کی کارکردگی کی تصویر ہی ووٹ کی بنیاد بنتی ہے۔ اس انتخاب کے بعد اپوزیشن کو بھی سوچنا ہوگا کہ میدان میں صرف حکومت کی غلطیاں نہیں گنوائی جاتیں بلکہ عوام کو ایک قابلِ عمل متبادل اور واضح سمت بھی دکھانی ہوتی ہے۔ ساتھ ہی حکومت کے لیے بھی یہ جیت جشن نہیں بلکہ ایک نئی ذمہ داری ہے کہ اعتماد کے اس مینار کو ان پالیسیوں سے برقرار رکھا جائے جو واقعی زمینی ضرورتوں کو پورا کرتی ہوں۔ اقتدار پلٹا جا سکتا ہے، لیکن اعتماد ایک طویل سفر کا نتیجہ ہوتا ہے۔ بہار کے ووٹروں نے یہ اعتماد اس یقین پر دیا ہے کہ تبدیلی صرف زبان سے نہیں، عمل سے ہوتی ہے، اب وقت ہے کہ اس یقین کو عملی مشن میں بدلنے کا امتحان شروع ہو چکا ہے۔

•••

راہل گاندھی اور تیجسوی یادو کا عظیم اتحاد عوام میں ایسا اعتماد پیدا کرنے میں ناکام رہا۔ انتخاب سے قبل کانگریس نے ووٹر جگاؤ یاترا ضرور نکالی، جس کی باگ ڈور راہل گاندھی کے ہاتھوں میں تھی، مگر چناؤ کی پوری مدت میں راہل کہیں نہیں دکھے۔ آخری وقت میں انہوں نے کچھ ریلیاں ضرور کیں اور تالاب میں مچھلی پکڑتے بھی نظر آئے، لیکن علامتی کاموں سے بہار کے عوام مرعوب ہونے والے نہیں ہیں۔ یہ صاف نہیں ہوسکا کہ رائے دہندگان کے درمیان اتنی بڑی یاترا نکالنے کے بعد وہ کہاں غائب ہو گئے تھے۔ خواتین ووٹروں کو لبھانے میں راشٹریہ جنتا دل کی طرح کانگریس بھی ناکام رہی۔ پرینکا گاندھی اس کے لیے ایک چہرہ ضرور تھیں، لیکن وہ خواتین کے بیچ ڈور ٹو ڈور مہم چلاتے نظر نہیں آئیں۔ ریاستی انچارج کرشنا الاورو کے لمبے عرصے تک اس ریاست میں رہائش کرنے کا فائدہ بھی کانگریس کو نہیں ملا۔

## استاذ کی بے قدری ایک خطرناک رویہ



محمد عادل ارریاوی

قارئین کرام! کسی بھی انسان کی کامیابی کے پیچھے کسی نہ کسی کا ہاتھ ضرور ہوتا ہے، دانشوروں کا کہنا ہے کہ بچوں کو ستاروں سے بھی آگے کی دنیا دکھانے میں والدین اور اساتذہ کا بڑا رول ہوتا ہے؛ اگر یہ کہا جائے کہ والدین سے بڑھ کر طلبہ کو عروج وارتقا کے راہ پر لا کھڑا کرنے والے اساتذہ ہی ہیں تو بیجا نہ ہوگا، کیوں کہ والدین اپنے بچوں کو زمین پر رکھ دیتے ہیں اور یہی اساتذہ ان بچوں کو عرش اعظم (کامیابی کی آخری حد) تک لے جانے میں اپنی پوری محنت صرف کر دیتے ہیں، اس لیے طلبہ کو چاہیے کہ اپنے اساتذہ کا احترام واکرام اپنے اوپر لازم کرلیں، کیوں کہ اساتذہ پوری قوم کے محسن ہوتے ہیں، روحانی باپ کی طرح ہوتے ہیں، لہٰذا طالب علم کو چاہیے کہ انہیں اپنے حق میں حقیقی باپ کی طرح تصور کریں۔

علم انسان کو حیوانیت سے نکال کر انسانیت کے بلند ترین مقام تک پہنچاتا ہے، اور استاد وہ عظیم ہستی ہے جو انسان کو اس مقام تک لے جانے کا ذریعہ بنتی ہے، استاد صرف علم دینے والا نہیں بلکہ کردار ساز، رہبر اور قوم کا معمار بھی ہوتے ہیں، لیکن افسوس آج کا معاشرہ اسی استاد کی عظمت کو فراموش کر بیٹھا ہے، استاد کی بے قدری ایک ایسا خطرناک رویہ بن چکی ہے جو نہ صرف ہمارے تعلیمی نظام کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے بلکہ ہماری اخلاقی بنیادوں کو بھی ہلا کر رکھ رہا ہے، اسلام نے استاد کو والدین کے برابر درجہ دیا ہے، حضرت علی فرماتے ہیں جس نے مجھے ایک لفظ سکھایا میں اس کا غلام ہوں یہی ایک جملہ استاذ کی عزت ومقام کو اجاگر کرنے کے لئے کافی ہے لیکن آج کے دور میں اس سوچ کے حاملین ہمیں کم ہی نظر آتے ہیں۔

آج ہم تعلیمی اداروں میں دیکھتے ہیں کہ طلبہ استاذ سے تمیز واحترام سے پیش نہیں آتے، بعض والدین جو کبھی اساتذہ کو ہاتھ چوم کر سلام کیا کرتے تھے اب ان کے خلاف شکایات لے کر اداروں میں گھس آتے ہیں سوشل میڈیا پر استاذ کی تضحیک، طلبہ کا نازیبا رویہ اور تعلیمی اداروں کی جانب سے اساتذہ کے حقوق کی پامالی سب اس خطرناک رویے کی نشان دہی کرتے ہیں۔

جب استاذ کی عزت نہ ہو تو تعلیم کا عمل متاثر ہوتا ہے، طلبہ سنجیدگی سے علم حاصل نہیں کرتے نتیجتاً تعلیمی معیار پستی کا شکار ہو جاتا ہے۔

استاذ صرف نصاب نہیں پڑھاتا وہ طلبہ کے کردار کی تعمیر بھی کرتا ہے جب اساتذہ کی بات کا اثر ختم ہو جائے تو نئی نسل کی اخلاقی تربیت بھی خطرے میں پڑ جاتی ہے۔

استاد قوم کے معمار ہوتے ہیں، اگر ہم معمار کو ہی بے وقعت خیال کریں تو یاد رکھیں کہ آپ کی عمارت کبھی بھی مضبوط نہیں بن سکتی۔ والدین اور معاشرے کا تربیتی کردار کمزور پڑ جانا، حل کیا ہے؟

معاشرے کو چاہیے کہ استاد کی عزت کو بحال کرے اور بچوں کو اس کی تربیت دی جائے، تعلیمی اداروں میں اساتذہ کے حقوق کا تحفظ ہو ان کی عزت تنخواہوں اور فیصلوں میں شرکت کو یقینی بنایا جائے، میڈیا کو چاہیے کہ استاد کو ہیرو کے طور پر پیش کرے نہ کہ طنز و مزاح کا نشانہ بنائے والدین اپنے بچوں کو بچپن سے استاد کے احترام کا درس دیں، استاد کی بیقدری صرف ایک فرد کی توہین نہیں، یہ پوری قوم کے مستقبل پر حملہ ہے، ہمیں سوچنا ہوگا کہ اگر استاذ نہیں رہے یا وہ دل سے پڑھانا چھوڑ دیں تو علم کا چراغ بجھ جائے گا قومیں علم سے بنتی ہیں اور علم استاد سے، استاذ کی بے قدری بند کریں ورنہ ایک دن ایسا آئے گا جب ہمیں اچھے استاذ چراغ جلا کر ڈھونڈنے سے بھی نہ ملیں گے اور پھر صرف پچھتاوا باقی رہ جائے گا۔

اپنے مال میں سے کسی چیز سے اُستاذ کے حق میں بخل سے کام نہ لے، یعنی جو کچھ اسے درکار ہو بخوشی حاضر کر دے اور ان کے قبول کر لینے میں ان کا احسان اور اپنی سعادت تصور کرے، یاد رکھیں ان کی دعائیں آپ کی زندگی میں انقلاب اور خوشگواریاں پیدا کرسکتی ہیں۔

میں دل کے عمیق گہرائیوں سے دعا گو ہوں کہ اللہ رب العزت ہمارے جملہ اساتذہ کو ہمیشہ شاد وآباد خوش وخرم رکھے، ان کی محبتیں، شفقتیں اور رحمتیں ہمیشہ قائم ودائم رہے ان کے سایہ کو ہم طالب علموں پر دراز فرمائے، ہمارے وہ اساتذہ جو اللہ کو پیارے ہو گئے ہیں ان کی مغفرت فرما کر تا ابد ان کا فیض ہم پر جاری فرمائے۔ آمین یارب العالمین

